## سوال

جو شخص ناواقفیت کی وجہ سے ہدی ترک کردے

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ایک شخص نے حج قران کیا، تمام مناسک حج کو ادا کیا اور ایام منیٰ میں قربانی کو بھی ذبح کر دیا لیکن ناواقفیت کی وجہ سے ہدی کو ذبح نہیں کیا حتیٰ کہ ایام منیٰ ختم ہوگئے تو کیا اس پر ہدی لازم ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

اگر امر واقع اسی طرح ہے جیسے آپ نے ذکر کیا ہے تو اس پر واجب ہے کہ مکہ مکرمہ میں قران کی ہدی کو ذبح کرے اور اس کے گوشت کو وہ خود بھی کھا سکتا ہے۔ یہ بھی جائز ہے کہ مکہ مکرمہ میں کسی امین شخص کو اپنا وکیل مقرر کردے جو اس کی طرف سے ذبح کرے، اس نے قربانی کی نیت سے جو جانور ذبح کیا ہے، وہ ہدی سے کفایت نہیں کرے گا۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## محدث فتوی

### فتوی کمیٹی